روح اخبار

—— آہ ابھی علامہ ڈاکٹر سر اقبال کی وفات سے دلوں میں جو ناسور پیدا ہوئے تھے ... بند نہ ہوئے تھے کہ پھر ایک گہرا زخم کمال اتاترک کی موت سے لگا اور ابھی یہ زخم بالکل تازہ ہی تھا کہ ضیغم اسلام فدائے ملک وملت مولانا شوکت علی صاحب نور اللہ مرقدہٗ کے انتقال پر ملال کی خبر کانوں نے سنی اور معلوم ہوا کہ آپ ۲۷ رنومبر ۱۹۳۸ء کی صبح کو دہلی میں اپنی جگہ خالی چھوڑ کر دار فانی سے عالم بقا کی طرف سدھار گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ آپ نے اپنی زندگی قوم اور اسلام کیلئے وقف کردی تھی اور اس راہ میں بڑی بڑی قربانیاں پیش کر چکے تھے۔ موت کا یہ اٹل قانون تو ہمیشہ سے جاری ہے اور رہیگا لیکن افسوس تو یہ ہے کہ مرنے والے نے اپنا کوئی سچا جانشین نہیں چھوڑا۔ رب العزت سے دعا ہے کہ وہ آپ کی روح کو اعلیٰ علیین میں جگہ دے اور آپ کا کوئی حقیقی نائب پیدا کرے اور پسماندگان کو صبر وضبط کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

—— حکومت حجاز نے ملک کے اندرونی نظام میں زبردست انقلاب پیدا کر دیا ہے پہلے شہروں اور قصبوں کی صفائی کیلئے باضابطہ میونسپلٹی کا انتظام نہیں تھا لیکن اس سال حکومت نے ملک کے اندرونی نظام کو درست کرنے کیلئے باضابطہ میونسپلٹی کے قیام کا اعلان کیا ہے چنانچہ اس سال کی رپورٹ جو حکومت کی طرف سے شائع ہوئی ہے اسمیں اس امر کی تشریح کی گئی ہے۔

آئندہ اندرونی نظام کو درست کرنے کیلئے پبلک کی رائے سے منتخب ممبروں کی ایک کمیٹی ہر شہر میں ہوگی جسکو (المجلس البلدی) سے تعبیر کیا جائیگا پھر ان تمام مجلسوں پر ایک بڑی مجلس ہوگی جو (امانۃ العاصمہ) سے تعبیر کی جائیگی۔

—— سعودی عرب کے بعض علاقوں میں اور بازاروں میں نقلی عربی ریال (سکہ) چلتے ہوئے پکڑے گئے ہیں۔ حکومت نے نقلی سکہ چلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرنیکا فیصلہ کیا ہے لہذا حاجیوں کو چاہئے کہ وہ عربی ریال اپنے ساتھ نہ لیجائیں ورنہ خوف ہے کہ کہیں ان کے قبضہ میں نقلی سکے آجائیں اور ضبط ہوجائیں یا انھیں حراست یا بازپرس کی پریشانی میں مبتلا ہونا پڑے۔

—— حکومت یوپی نے فیصلہ کیا ہے کہ تحریک سول نافرمانی کے دوران میں ۱۹۳۰ء سے ۱۹۳۳ء تک جو منقولہ وغیر منقولہ جائدادیں ضبط کی گئی ہیں انھیں ان کے اصل مالکان کو واپس کر دیا جائے اور اگر منقولہ جائداد فروخت کر دی گئی ہو تو اسکا روپیہ واپس کر دیا جائیگا

—— معلوم ہوا ہے کہ قحط زدہ علاقوں کی امداد کیلئے ریلیف فنڈ سے مختلف صوبوں میں ایک لاکھ ۶۵ ہزار روپیہ تقسیم کیا جائیگا جن میں سے صرف پنجاب کو چالیس ہزار روپیہ ملیگا۔

—— یہ امر موجب مسرت ہے کہ حکومت ہند نے مشہور جلاوطن مولانا عبید اللہ صاحب سندھی کو مراجعت فرمائے وطن ہونے کی اجازت دیدی ہے اور عام خیال ہے کہ آپ موسم حج سے پہلے ہی ہندوستان روانہ ہوجائیں گے۔ آپ کو آنے کیلئے پاسپورٹ مل گیا ہے۔

—— ۱۳ رنومبر کو لکھنؤ میں بہار اور یوپی کے متحدہ شکر سنڈیکیٹ کا ایک جلسہ ہوا جس میں گنے کی قیمت یہ مقرر ہوئی ہے کہ ملوں کے پھاٹک پر ۶۔ ساڑھے چھ آنے فی من۔ دوسری جگہوں پر ۶ر فی من۔ (امین گونڈوی)

شیخ حاجی عبدالوہاب صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔